19 جون، 2012ء

رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران زرعی قرضوں کی فراہمی 13 فیصد سے زائد اضافے کے ساتھ 255.027 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 11 ماہ (جولائی۔مئی) کے دوران بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں سالانہ بنیاد پر 13.11 فیصد کا اضافہ ہوا۔بینکوں نے رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 11 ماہ (جولائی۔مئی) کے دوران زرعی شعبے کو 255.027 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی شعبے کو 225.461 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے گئے تھے۔اس طرح اس عرصے کے دوران زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں 29.566 بلین روپے اضافہ ہوا۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں، جن میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) شامل ہیں، کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ (جولائی۔مئی 2012ء) کے دوران مجموعی طور پر 132.385 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے گئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ان پانچ بینکوں نے زرعی شعبے کو 123.100 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے تھے۔اس طرح ان پانچ بڑے کمرشل بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں جولائی۔مئی 2012ء کے دوران 9.285 بلین روپے یا 7.54 فیصد اضافہ ہوا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) جو سب سے بڑا اسپیشلائزڈ بینک ہے، نے رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران 54.174 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے 54.359 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے، اس طرح زرعی ترقیاتی بینک نے 0.34 فیصد کم زرعی قرضے جاری کیے۔رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) کی جانب سے زرعی قرضوں کی فراہمی 6.826 بلین روپے رہی جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے 4.921 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے، اس طرح پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے اس عرصے میں 38.69 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے۔

14 ملکی نجی بینکوں (DPBs) نے رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران 51.678 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 11 ماہ کے دوران ان بینکوں نے 43.081 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے، یوں ان بینکوں کی جانب سے اس عرصے کے دوران 19.96 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے گئے۔

خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک اومان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ سمیت پانچ مائیکروفنانس بینکوں نے جولائی۔مئی 2012ء کے دوران مجموعی طور پر 9.963 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پہلی مرتبہ مائیکروفنانس بینکوں کو رواں مالی سال کے لئے زرعی شعبے کو 12.20 بلین روپے کے قرضوں کی فراہمی کا مجوزہ ہدف دیا ہے۔

☆☆☆/